© rasailojaraid.com



کا مفہوم اس کا طریقہ، آلہ ذبح اور اھل کتاب کے ذبیحہ سے بحث کی گئی ہے۔

کتاب : مریض کی نماز اور طہارت کے احکام

مصنف : مفتی اقبال حسین صابری

ناشر : جامع مسجد نمرہ قادریہ کالونی پیرودھائی موڑ، راولپنڈی کینٹ،

صفحات : ۳۸ صفحات

اس کتابچہ میں مریضوں اور معذوروں کے فقہی احکامات بیان کیئے گئے ہیں۔ یہ مختصر کتابچہ ہے اس پر تفصیلی کام کی سخت ضرورت ہے۔

کتاب : ماہنامہ رشد لاہور قراءات نمبر جلد سوم

مصنف : چیف ایڈیٹر حافظ عبد الرحمٰن مدنی

ناشر : کلیۃ القرآن الکریم والعلوم الاسلامیہ

قیمت وصفحات : ۱۰۴۰ صفحات، ۴۰۰ روپے

قارئین مجلہ نے پچھلے دو شماروں ش/۱۰ اور ش/۱۱ میں ماہنامہ رشد کی ج/۱ اور ج/۲ قراءات نمبر پر تبصرے ملاحظہ کیئے تھے، یہاں جلسہ سوم کا تعارف کروایا جارہا ہے عالمی سطح پر اتنا ضخیم کام آج تک نہیں ہوا ہے، اس لئے اس کوشش وکاوش کی جتنی تعریف کی جائے کم ہے۔ اس شمارہ میں بھی حجیت قرأت پر چھے مضامین قراءات کے حوالہ سے ہیں، علماء کے فتاویٰ، بریلوی مکتبہ فکر کے قراء کی خدمات، پانی پت کے قراء کی خدمات، حدیث سبعة أحرف کا مفہوم، اعجاز قرآنی کے متنوع پہلو، علم قرأت پر تحقیق وتنقید اور انکار قرأت، قراء کے حالات ودیگر متنوع مضامین شامل ہیں اس عظیم خدمت پر ڈاکٹر حمزہ مدنی اور جملہ احباب مبارک باد کے مستحق ہیں۔

کتاب : حب رسول اور صحابہ کرامؓ (مظاہر محبت)

مصنف : حافظ محمد سعد اللہ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ناشر : حجاز پبلی کیشنز لاہور داتا دربار مارکیٹ طبع سوم ۲۰۰۹ء

قیمت وصفحات : ۴۰۰ صفحات/۲۰۰ روپے

جناب حافظ سعد اللہ صاحب کسی تعارف کے محتاج نہیں، آپ متعدد کتب سیرت طیبہ ﷺ کے حوالہ سے شائع ہوچکی ہیں اور سیرت النبی ﷺ ایوارڈ حاصل کرچکی ہیں۔ آپ ﷺ سے محبت اور اعتدال کے ساتھ فکر صالح کا فروغ آپ ﷺ کی زندگی کا محور ہے۔

لائبریرین ہونے کے تعلق سے موصوف سے میرا تعارف بہت پرانہ ہے، اسی محبت کی تجدید کتب ومجلات کے تبادلہ سے ہوتی رہتی ہے، موصوف کی مذکورہ کتاب ایک مقدمہ اور پانچ ابواب پر مشتمل ہے، مقدمہ: حب رسول ﷺ کی ضرورت اور عملی تقاضے، باب اول: عقیدت و محبت رسول، باب دوم: دفاع وحفاظت رسول ﷺ، باب سوم: اطاعت و اتباع رسول، باب چہارم: تعظیم وتوقیر رسول ﷺ، باب پنجم تبرک رسول ﷺ پر مشتمل ہے۔

محبت کے تمام زاویوں کو حسن ترتیب سے باحوالہ جمع کیا گیا ہے، مقدمہ میں حب رسول ﷺ کی دینی، عقلی شرعی ضرورت اور تقاضوں کو بیان کیا گیا ہے، پھر ہر باب کو چار تا چھے فصول میں تقسیم کیا گیا ہے۔

ہر عاشق رسول ﷺ کو یہ کتاب لازماً مطالعہ کرنا چاہئے تا کہ انہیں معلوم ہو عشق و محبت کی تکمیل دعوؤں سے نہیں اتباع سے ہوتی ہے اور اتباع کے اسلوب وہی صحیح قرار پائیں گے جنہیں صحابہ کرامؓ نے اختیار کیا ہے۔ دعاء ہے اللہ تعالیٰ اس قابل قدر خدمت پر مصنف کو جزائے خیر عطا فرمائے (امین)

کتاب : رؤیت ھلال کمیٹی اکابر علماء کرامی کی نظر میں

مصنف : مفتی نعمت اللہ حقانی

ناشر : دارالافتاء جامعہ انجمن تعلیم القرآن پراچہ ٹاؤن پنڈی کوھاٹ

قیمت وصفحات : ۴۸ صفحات قیمت درج نہیں

© rasailojaraid.com